سوال

(941)مقامی امام کے پیچھے مسافر مقتدی کی نماز

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک شخص سفر کےلیے نکلتا ہے۔ سفر کے دوران اس کا گزرایک مسجد سے ہوتا ہے۔ مسجد میں نمازی تیسری رکعت کےلیے کھڑے ہوگئے ہوں توکیامسافرامام کے ساتھ دورکعت پڑھ کرسلام پھیرسکتا ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

مسافر کو مقیم امام کی اقتداء میں نماز مکمل پڑھنی چاہیے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت میں اس امر کی تصریح موجود ہے۔ اگرچہ اہلِ علم کا ایک گروہ بایں صورت قصر کا قائل ہے۔ لیکن دلیل کے اعتبار سے پہلا مسلک راجح ہے۔ دوسری بات یہ بھی ہے کہ راجح مذہب کے مطابق قصر کرنا واجب نہیں بلکہ افضل ہے۔ اس سے بھی سابقہ موقف کی تائید ہوتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ:778

محدث فتویٰ